بنیادوں پر اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ان چند ممالک میں شامل ہے جہاں پولیو وائرس ابھی تک موجود ہے، اس کے خاتمے کے لیے کوششیں جاری ہیں، اس موقع پر صوبائی کوآرڈینیٹر ای اوسی انعام الحق نے اجلاس کو بتایا کہ ماحولیاتی نگرانی کے ذریعے سیوریج کے نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کی جانچ کی جاتی ہے تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کے علاقوں کی نشاندہی کی جاسکے اور کئی اضلاع میں ماحولیاتی نمونے نیگیٹو آئے ہیں۔ صوبے بھر میں بار بار صوبائی سطح پر پولیو ویکسینیشن مہمات کا انعقاد کیا جاتا ہے، جس میں پانچ سال سے کم عمر کے لاکھوں بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جاتے ہیں۔ سفر کے دوران اور دور دراز علاقوں تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی کوششیں کی جاتی ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 09 MAY 2025 Page No. 18


## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک دن کے وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ جس میں جمعیت علما اسلام کے سید ظفر علی آغا پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے، جمعیت علما اسلام کے فضل قادر مندوخیل ژوب سے ملک کے دیگر شہروں کے لئے حسب سابق پی آئی اے کی ہفتہ وار پروازیں شروع کرنے، جماعت اسلامی کے ہدایت الرحمن بلوچ چمن سے گوادر تک کراسنگ پوائنٹس کھولنے، شناختی کارڈ کے ذریعہ روزگار کرنے، ایران بارڈر سے اشیاء خورد و نوش لانے کی اجازت دینے اور مقامی لوگوں کو خوشی و غم کے موقع پر راہداری کے ذریعے آنے جانے کی اجازت دینے سے متعلق الگ الگ قراردادیں پیش کریں گے۔ اجلاس میں جمعیت علما اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی ضلع واشک میں کالجوں کے قیام کیلئے بجٹ جاری نہ ہونے اور جماعت اسلامی کے رکن ہدایت الرحمن بلوچ گوادر سیف سٹی پراجیکٹ پر کام شروع نہ ہونے کے حوالے سے الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹس پیش جبکہ وقفہ سوالات میں محکمہ صحت سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## نوجوانوں کو حکومتی اقدامات کا حصہ بنایا جائیگا، بلال کاکڑ

**جلد 4 بڑے تجارتی گروپس صوبے میں پروجیکٹس شروع کرینگے، وائس چیئرمین بی بی او آئی ٹی**

سرمایہ کاری بورڈ کے زیراہتمام بلوچستان یوتھ انوویشن کی تقریب، نوجوانوں کو ترقیاتی اقدامات سے آگاہ کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیر اہتمام رائزنگ بلوچستان یوتھ انوویشن کی تقریب ہوئی جس کے مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی تھے، تقریب کا مقصد صوبے کے نوجوانوں، طلباء و طالبات، خصوصاً سوشل میڈیا انفلوئنسرز کو آن بورڈ لیکر صوبے میں جاری ترقیاتی عمل، حکومتی اصلاحات اور مختلف شعبوں میں موجود پوٹینشل سے متعلق آگاہ کرنا تھا، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا وژن ہے کہ صوبے کی یوتھ کو ہر حکومتی اقدام میں شریک کیا جائے، بلوچستان میں جو کام ہو رہا ہے یا یہاں جو پوٹینشل موجود ہے اس کو نوجوانوں کیساتھ شیئر کیا جائے تاکہ صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے مل کر کام کیا جاسکے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا مقصد سرمایہ کاروں اور حکومت کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرتا ہے، ہم نے کئی سرمایہ کار گروپوں کیساتھ رابطے کئے ہیں اور آپ سب کو جان کر خوشی ہوگی کہ متعدد سرمایہ کار بلوچستان میں منصوبے شروع کرنے کیلئے آرہے ہیں، انہوں نے کہا کہ جلد ہی 4 بڑے گروپ یہاں اپنے پروجیکٹس شروع کرینگے جن میں ایل پی جی ٹرمینل، بیج سائنس، کیکڑے کی فارمنگ اور آئی ٹی کے منصوبے شامل ہیں، انہوں نے بھارت کی جانب سے جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے عوام ملکی دفاع کیلئے کمربستہ ہیں اور کوئی طاقت پاکستان اور بلوچستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی، تقریب میں وی سی بیوٹمز ڈاکٹر خالد حفیظ نے آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی افادیت سے متعلق آگاہ کیا اور ادارے کی کارکردگی اور چیلنجز بیان کئے۔

## دہشتگردی اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جدید ٹیکنالوجی ضروری ہے، آئی جی پولیس

**جدید پولیسنگ اور پبلک سروس کو یقینی بنانے کیلئے تفتیش کے نظام کو مستحکم اور شفاف بنانا ہوگا، خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری نے کہا کہ امن و امان برقرار رکھنا، جرائم پر قابو پانا، عوامی خدمات کی فراہمی اور جوانوں کی فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ جس سے پیشہ ورانہ کاموں میں آسانی ہوگی۔ خوشی ہے کہ 4 سال بعد 17 اضلاع کے نوجوان پولیس میں انسپکٹرز بھرتی ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینٹرل پولیس آفس کے مطالعاتی دورے پر آئے ہوئے پولیس ٹریننگ کالج سریاب کوئٹہ میں زیر تربیت انسپکٹرز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آئی جی پولیس نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جنگ میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنا ضروری ہے۔ جدید پولیسنگ اور پبلک سروس کو یقینی بنانے کیلئے ہمیں اپنے تفتیش کے نظام کو مستحکم اور شفاف بنانا ہوگا جرائم کی روک تھام کے ساتھ ساتھ کمیونٹی پولیسنگ، شہریوں کی خدمت اور تحفظ کے لئے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی پولیس محمد سعید نوزیر، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر عبدالحئی بلوچ، پبلک ریلیشنز آفیسر ٹو آئی جی پی رابعہ طارق، کمانڈنٹ پی ٹی سی شہزاد اکبر، ڈی آئی جی ٹریننگ برکت حسین کھوسہ، اے آئی جی آئی ٹی نجیب اللہ پندرانی، اے آئی جی آپریشن فہد احمد کھوسہ، اے آئی جی سیکورٹی ڈویژن محمد علی کاسی، اے آئی جی کمپلین عبدالجبار مینگل، اے آئی جی ویلفیئر فریال فرید، سی ایل آئی، پی ٹی سی رحمت اللہ بنگلزئی سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔


MASHRIQ QUETTA


## محکمے اپنی غلط پالیسیاں ترک کریں، ہمیں بے ضابطگیاں قبول نہیں، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

**پولیس ڈیپارٹمنٹ کو اسمبلی کی منظوری کے بغیر 1.2 بلین ضمنی بجٹ جاری جو ایک سنگین مالی بے ضابطگی اور آئینی خلاف ورزی ہے، اصغر ترین**

**اربوں سکیورٹی چارجز سرکاری و نجی اداروں PTCL، نیشنل بینک، ریڈیو پاکستان و دیگر پر واجب الادا ایک ماہ کے اندر ان سے وصول کئے جائیں، چیئرمین**

کوئٹہ (اے پی پی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی بلوچستان کا ایک اہم اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیرصدارت منعقد ہوا جس میں مالی سال 2022-23، محکمہ پولیس کے بجٹ، ضمنی بجٹ اور آڈٹ پیراز کا جائزہ لیا گیا کمیٹی نے کہا کہ محکمہ خزانہ کی جانب سے پولیس ڈیپارٹمنٹ کو اسمبلی کی منظوری کے ......... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

بغیر 1.2 بلین روپے ضمنی بجٹ جاری کیا گیا جو ایک سنگین مالی بے ضابطگی ہے، جو آئینی خلاف ورزی ہے اس کے علاوہ کئی محکموں سے فرائض کے عوض رقم کی عدم وصولی پر شدید تشویش کا اظہار کیا کمیٹی نے نشاندہی کی کہ محکمہ پولیس کو ایک اضافی گرانٹ جاری تاہم یہ فنڈز استعمال نہ ہوسکے

## زرعی کالج کوئٹہ میں ہر قسم کی سیاسی سرگرمیوں پر پابندی عائد

**طلبہ احکامات کی پابندی کریں خلاف ورزی پر تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، اعلامیہ**

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) زرعی کالج کوئٹہ میں ہر قسم کی سیاسی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی پرنسپل بلوچستان زرعی کالج کوئٹہ کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق حکومت بلوچستان کی منظوری اور عدالتی احکامات کی روشنی میں بلوچستان زرعی کالج کوئٹہ میں ہر قسم ......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کی سیاسی سرگرمیوں پر تاحکم ثانی پابندی عائد رہے گی طلباء کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ ان احکامات کی سختی سے پابندی کریں خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس کی تمام تر ذمہ داری مذکورہ افراد پر عائد ہوگی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 09 MAY 2025

Page No. 16

# گوادر میں ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈی جی

ماضی میں یہ علاقہ بدحالی کا شکار رہا، جس کے باعث کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر تھیں، سیف اللہ

ٹائلنگ، فٹ پاتھوں کی خوبصورتی، جدید سیوریج اور ڈرینج سسٹم کی تنصیب جیسے اہم کام تیزی سے جاری ہیں

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) سیف اللہ کھیتران نے جمعرات کے روز اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے سمیت جی ڈی اے کی جانب سے جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے تاریخی و ثقافتی ورثے کی بحالی کے تحت برطانوی دور کے قدیم ٹیلیگراف آفس کا معائنہ کیا اور کام کے معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے باقی ماندہ کاموں کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت جاری کی۔ دورے کے دوران ڈی جی جی ڈی اے نے گوادر کے اہم تجارتی و تاریخی مرکز ملا فاضل چوک، میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر جی ڈی اے کے چیف انجینئر حاجی سید محمد نے انہیں جاری کاموں کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ ماضی میں یہ علاقہ بدحالی کا شکار رہا، جس کے باعث کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر تھیں، مگر آج یہاں سیاسی اجتماعات اور کاروباری چہل پہل بحال ہو چکی ہے

# کچلاک میں غیر رجسٹرڈ آئسکریم اور آئس قلفیاں بنانے والی فیکٹری سیل

ڈیپارٹمنٹل اسٹور سے زائد المیعاد بسکٹ، چپس، جیلی اور بغیر مینوفیکچرنگ اور ایکسپائری اشیاء برآمد کی گئیں

اسپنی روڈ پر ایک واٹر پلانٹ اور سات گوشت کی دکانوں کے خلاف بھی مختلف وجوہات پر قانونی کارروائی کی گئی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی اسپیلشن ٹیموں نے کوئٹہ شہر اور ضلع تربت میں خوراک کے مراکز کا معائنہ کیا اور متعدد کارخانوں و مراکز کے خلاف سخت ایکشن لیا گیا۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق کچلاک بائی پاس کے گردونواح میں قائم خوراک کے مراکز اور پروسیسنگ یونٹس کی چیکنگ کے دوران قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں پر ایک آئسکریم پراسیسنگ یونٹ کو سیل کر دیا گیا۔ مذکورہ یونٹ میں غیر رجسٹرڈ آئسکریم اور آئس قلفیوں کی پراسیسنگ جاری تھی جن کی نہ کوئی لیبارٹری رپورٹ موجود تھی اور نہ ہی پیکنگ پر درست لیبلنگ کی گئی تھی۔ یونٹ میں فوڈ سیفٹی سے متعلق متعدد اصولوں کی خلاف ورزیاں بھی پائی گئیں۔ کارروائی کے دوران 1 ڈیپارٹمنٹل اسٹور سے زائد المیعاد بسکٹ، چپس، جیلی اور بغیر مینوفیکچرنگ یا ایکسپائری تاریخ کی حامل مصنوعات برآمد کی گئیں، جنہیں ضبط کر کے اسٹور انتظامیہ کو جرمانہ عائد کیا گیا

Century Express Quetta

# قلعہ عبداللہ میں عوامی مسائل کے حل کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

افسران نے عوامی مسائل سنے اور فوری حل کی یقین دہانی کرائی

ڈی سی ریاض نے سرکاری اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے پر زور دیا

میزئی اڈہ (نامہ نگار) توبہ اچکزئی تحصیل دوبندی فراخی میں گورنمنٹ پرائمری سکول کلی نصر اللہ فراخی میں ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقے کے مختلف لوگوں اور معتبرین علاقہ نے شرکت کی اس موقع پر مختلف محکموں کے ڈسٹرکٹ آفیسران نے عوامی مسائل سنیں اس موقع پر علاقے کی نمائندگی کرتے ہوئے سابق ڈسٹرکٹ چیرمین نصر اللہ خان اچکزئی چیرمین دلبر خان علیزئی مولوی محمد صادق حاجی نصر اللہ خان بینزئی مولوی محمد عیسا ملک رحم اللہ حاجی عبدالعزیز حاجی محمد رسول معلم شیر علی خان شاعر محمد صدیق بینزئی علاقے کے مسائل بیان کیے جس کے حل کیلئے کچہری میں محکمہ صحت کے DHQ ڈاکٹر مظفر مری محکمہ زراعت کی جانب سے جناب ربانی صاحب اریگیشن کی جانب سے انجینئر غلام رسول لائیو سٹاک کی جانب سے ڈاکٹر علی احمد اور محکمہ پی ایچ آئی عبدالقاہر ابلال احمر سے خالد خان و دیگر نمائندوں نے ان مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ نے خطاب کرتے ہوئے یقین دلایا کہ محکمہ تعلیم میں بھرتی کیے گے اساتزہ کی حاضری مختلف بی ایچ یوز کی بحالی لائیو سٹاک مختلف علاقے میں موبائل کیمپس کا انعقاد کے ساتھ ساتھ زراعت کی بحالی ڈیموں اور روڈ کے تعمیر کیلئے ہایر اتھارٹیز کو تجاویز دئے گئے

# وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو انشورنس کی رقم مل گئی

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں کوئٹہ کی رہائشی درخواست گزار ستار شاہ نے درخواست دائر کی تھی کہ انہوں نے اسٹیٹ لائف انشورنس میں ایک پالیسی لی تھی ان کے پالیسی کے 430,000 روپے متعلقہ محکمے پر بقایا تھے متعلقہ محکمہ بلا وجہ ان پیسوں کو دینے میں تاخیر کر رہا تھا۔ درخواست گزار کا مزید کہنا تھا کہ انہوں نے اس سلسلے میں کئی بار متعلقہ انشورنس کمپنی سے رابطہ کیا درخواست دیے اور دفتر کے چکر لگائے مگر انکی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ بالآخر مجبور ہو کر انہوں نے انصاف کے حصول کی خاطر وفاقی محتسب کے ادارے میں درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی ریجنل آفس کوئٹہ کے عملے نے انکوائری کا آغاز کیا۔ اور متعلقہ انشورنس کمپنی کے عملے کو طلب کر کے جواب مانگا۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان ہائیکورٹ بار کا آج عدالتی بائیکاٹ کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ آج 09 مئی 2025 بروز جمعہ پاکستان بار کونسل کے جانب سے ملک بھر میں عدالتی بائیکاٹ کے اعلان کی تائید و حمایت کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی جارحیت اور معصوم شہریوں پر حملے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں اور بھارت ایک دہشتگرد ملک ہے جس نے پورے ملک خصوصا بلوچستان میں دہشتگردی کا بازار گرم کیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم وکلا، افواج پاکستان

بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اس ملک کی سلامتی اور بقا کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے انہوں نے وکلا سے اپیل کی کہ آج 09 مئی 2025 بروز جمعہ بلوچستان بھر میں مکمل بائیکاٹ کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 09 MAY 2025

Page No. 17


## ملک پر اس وقت مشکل حالات ہیں

# پاک فوج کے شانہ بشانہ ملک کا دفاع کرینگے، مولانا عبدالواسع

### یہ وقت سیاسی اختلاف کا نہیں بلکہ قومی یکجہتی کا ہے، وزیراعظم اے پی سی طلب کر کے متفقہ حکمت عملی اپنائیں، ریلی سے مقررین کا خطاب

### قائد جمعیت کے اعلان پر آج یوم دفاع وطن، مساجد میں بھارتی جارحیت کیخلاف قراردادیں، خطبات میں فوج کی حمایت پر زور دیا جائے، ترجمان

لورالائی (این این آئی) جے یو آئی کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع جنرل سیکرٹری آغا محمود شاہ مرکزی سیکرٹری مالیات مولوی صلاح الدین ایوبی ضلعی امیر مولوی محمد امین زاہد و دیگر نے اسرائیل مردہ باد ریلی وجلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل بہت جلد اپنے انجام کو پہنچنے والا ہے جے یو آئی فلسطینی مسلمانوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اسرائیلی بربریت کی پشت پر امریکہ ہے نہتے فلسطینی عوام کے حق میں آج کوئی طاقت بات نہیں کر رہی۔ انسانی حقوق کے ادارے بھی خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں ان اداروں کو افغانستان میں عورتوں کی تعلیم کی بہت فکر رہتی ہے اور یہ جانوروں کے حقوق پر واویلہ کرتے ہیں لیکن باون ہزار نہتے مظلوم اور بے گناہ مسلمانوں کے خون ناحق پر لب کشائی کی ہمت نہیں، لاکھوں افراد زخمی اور معذور ہو چکے ہیں اسکے باوجود عالمی دنیا امریکی خوف سے بات تک نہیں کر سکتی جبکہ مسلم ممالک کی پراسرار خاموشی بھی قابل مذمت ہے۔ 53 اسلامی ممالک کی 45 لاکھ فوج اسرائیل کو سبق سکھا سکتی ہے، لیکن یہ بھی ڈرے اور خوفزدہ ہیں۔ غزہ اور خان یونس کو تباہ کر دیا گیا ہے وہاں کے لوگ بے گھر اور بے یارومددگار پڑے ہمارا انتظار کر رہے ہیں فلسطین ہمارے ہاتھ سے نکل گیا تو قبلہ اول اسرائیل کے مکمل قبضے میں چلا جائے گا جو ہمیں کسی صورت قبول نہیں یہ ہمارا امتحان اور غیرت ایمانی کو چیلنج کرنے کے مترادف ہوگا انہوں کہا کہ بھارت کے بزدلانہ حملوں کے خلاف اپنے افواج کے ساتھ ملکر لڑینگے پاکستان پر اس وقت مشکل حالات ہیں ہم متحد ہو کر اپنے ملک کے ایک ایک چپے چپے کا دفاع کرینگے۔ وزیراعظم نازک وقت میں اے پی سی طلب کر کے متفقہ حکمت عملی اپنائیں یہ وقت سیاسی اختلاف کا نہیں بلکہ قومی یکجہتی کا ہے قائد ملت اسلامیہ سے رہنما حکومت کو لینی چاہئے 15 مئی کو کوئٹہ میں شاندار اسرائیل مردہ باد کانفرنس سے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان غفور حیدری سمیت مرکزی اور صوبائی رہنما خطاب کرینگے جلسے سے عطاء اللہ کاکڑ، مولوی عطاءاللہ شاہ بخاری قاری سنزر خان رحمی سمیت دیگر صوبائی و ضلعی رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ دریں اثناء جمعیت کے صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ کے مطابق قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان نے آج بروز جمعہ 9 مئی 2025 کو پورے ملک میں یوم دفاع وطن منانے کا اعلان کیا ہے، اس سلسلے میں صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی ہدایات کی روشنی میں تمام ضلعی امراء اور نظماء کو درج ذیل ہدایات دی جاتی ہے کہ تمام اضلاع میں جمعہ کے اجتماعات میں علماء و خطباء حضرات ہندوستان کی حالیہ جارحیت کی مذمت میں قرارداد منظور کروائیں۔ خطبات جمعہ میں وطن عزیز کے دفاع، قومی یکجہتی اور پاک فوج کی حمایت پر زور دیا جائے، علماکرام عوام کو یہ پیغام دیں کہ وطن کا دفاع ہمارا دینی و ایمانی فرض ہے، یہ دن ہمارے قومی شعور، دینی غیرت اور دفاعی یکجہتی کا اظہار ہے۔ قوم دشمن کی ہر جارحیت کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ہے، اور ہم اپنے وطن کے دفاع کے لیے ہر قسم کی قربانی کے لیے تیار ہیں۔

---

## بلوچستان کے مسائل کی اصل وجہ ظلم، بدعنوانی اور ناانصافی ہے، ہدایت الرحمٰن

### پرامن جمہوری احتجاج کرنے والوں کو بھی دیوار سے لگا کر مایوس کر دیا گیا ہے، مستونگ میں خطاب

مستونگ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ پرامن احتجاج کا راستہ روکنے، قانونی تجارت کیلئے بھی بارڈرز بند کرنے، چیک پوسٹوں پر رقم طلب کرنے جیسے اقدامات سے بلوچستان کے پڑھے لکھے نوجوان بھی مایوس ہیں۔ اس کی اصل وجہ ظلم، بدعنوانی اور ناانصافی ہے۔ پرامن جمہوری احتجاج کرنے والوں کو بھی دیوار سے لگا کر مایوس کر دیا گیا ہے۔ آج ہماری مائیں اور بہنیں نہ صرف سڑکوں پر احتجاج کر رہی ہیں بلکہ جیلوں میں قید ہیں جو کہ ایک شرمناک عمل ہے۔ جماعت اسلامی اس کی مذمت کرتی ہے اور حکومت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ مزید نفرت انگیز اقدامات سے گریز کرے، بلوچستان کی تمام ماؤں، بہنوں کو فی الفور رہا اور لاپتہ افراد کو بازیاب، بارڈرز کھول دیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی مستونگ کے زیر اہتمام ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا کنونشن سے ڈپٹی جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان پروفیسر سلطان کاکڑ، امیر جماعت اسلامی مستونگ حافظ خالد الرحمن شاہوانی، امین جمعیت طلبہ عربیہ بلوچستان صفی اللہ شاہوانی، میر احمد مہربان مینگل، ماسٹر بھاول نسیم سمیت دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے بلوچستان میں جاری ظلم، جبر اور محرومیوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی مظلوم عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ حکمرانوں نے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر ڈالنے کے بجائے روزگار کے دروازے بند کر کے نوجوانوں کو پہاڑوں کی طرف دھکیلا ہے، جو خطرناک نتائج کا پیش خیمہ بن رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے نوجوان تاجر بے روزگار ہیں سرکاری ملازمتوں سے نوجوانوں کو زبردستی نکالا جا رہا ہے روزگار برائے فروخت ہیں اہلیت و میرٹ کے بجائے سفارش اور رشوت پر نوکری دی جاتی ہے۔ حقوق کیلئے آواز بلند کرنے والوں کو پابند سلاسل یا پہاڑوں کی طرف دھکیلا جا رہا ہے جماعت اسلامی کے صوبائی امیر نے نوجوانوں کے لیے گوادر سے چمن تک تمام سرحدی راستے روزگار کے لیے کھولنے کا مطالبہ کرتے ہوئے مستونگ کے عوام سے اپیل کی کہ آپس کی چپقلش چھوڑ کر ظلم کے خلاف متحد ہوں اور یکجہتی کا مظاہرہ کریں تاکہ ایک باعزت، خودمختار اور پرامن بلوچستان کی بنیاد رکھی جاسکے۔

---

## بھارت کو بزدلانہ حملوں میں ذلت کے سوا کچھ نہیں ملا، مولانا لونی

### 15 اور 16 مئی کو بلوچستان بھر میں انڈیا/اسرائیل مردہ باد ریلی نکالی جائے گی، خطاب

کوئٹہ (پ ر) جمعیت نظریاتی کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی کی زیر صدارت انڈیا کی جارحیت کے خلاف جمعیت نظریاتی بلوچستان کی مجلس عاملہ اور اضلاع کے امراء کا ہنگامی اجلاس ہوا جس میں مساجد اور مدارس پر حملوں کی مذمت، بے گناہ لوگوں کی شہادت پر دلی غم و رنج، زخمیوں کی صحت یابی اور مرکزی سالار خان عبدالغفار خان کی وفات پر دعا ت کی گئی انہوں نے کہا کہ مسلسل جارحیت کے خلاف 15 اور 16 مئی کو بلوچستان میں انڈیا و اسرائیل مردہ باد ریلی نکالی جائے گی بھارت کو ناپاک جسارت، دہشتگردی اور بزدلانہ کارروائیوں کی بھاری قیمت چکانا پڑی گی ملک کا دفاع فرض ہو چکا ہے بھارت غلط فہمی میں نہ رہے جارحیت کا منہ توڑ جواب جلد مل جائے گا انہوں نے کہا کہ شہداء کا بدلہ ضرور لیا جائے گا بھارت کو ہمیشہ بزدلانہ حملوں میں ذلت و رسوائی کے سوا کچھ نہیں ملا۔

---

## جہاں بھی ضرورت ہو انصار الاسلام کے رضا کار فوری پہنچیں، مولانا حیدری

### عسکری قیادت کو میدان جنگ میں ضرورت پڑتی ہے تو ہمارے رضا کار بارڈر پر پہنچنے کیلئے بھی تیار ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ دہشتگرد بھارت جن جن شہروں پر بمباری کر رہا ہے اسکے نتیجے میں لوگ شہید یا زخمی ہوتے ہیں ۔ انصار الاسلام کے رضا کار انکی مدد کیلئے فوراً پہنچیں۔ جمعرات کو انصار الاسلام کے رضا کاروں کے نام میں مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ جہاں خون کی ضرورت ہو خون دیں جہاں تجہیز و تکفین کی ضرورت ہو اس میں شرکت کریں چونکہ جنگ پھیل گئی ہے لہذا ہر ضلع کے رضا کار تیار رہیں اور اگر کہیں حادثہ ہوتا ہے تو پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر عسکری قیادت کو جنگ کے میدان میں ضرورت پڑتی ہے تو ہمارے رضاء کار بارڈر پر پہنچنے کیلئے بھی تیار ہیں، اسکے لئے عسکری قیادت کا نظم ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ایسا کوئی نظم نہ ہو بارڈر پر جانے کی بجائے جہاں جہاں بمباری ہوتی ہے وہیں رضاء کار پہنچیں، شہداء کی تدفین میں حصہ لیں اور زخمیوں کے طبی امداد کیلئے تیار رہیں۔

---

## اے سی خانوزئی کا فوری تبادلہ کیا جائے، علاقائی آل پارٹیز، اولس کاریزات

### غیر قانونی الاٹمنٹس کو منسوخ، علاقے میں تعینات فورس کو واپس بلانے کا مطالبہ، فرید پانیزئی، صابر خان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) علاقائی آل پارٹیز کاریزات اور اولس کاریزات خانوزئی کے رہنماؤں ملک فرید پانیزئی، صابر خان، سمیع اللہ، ملک محمد عظیم لالا، جمشید کاکڑ نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر اے سی خانوزئی کا فوری تبادلہ کیا، علاقے میں تعینات فورس کو علاقے سے واپس بلایا یا اور تمام مبینہ غیر قانونی الاٹمنٹس کو منسوخ کیا جائے، بصورت دیگر کوئٹہ ژوب ہائی وے آئندہ ہفتہ بند کر دیں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس میں کہی۔ انہوں نے بھارت کی جانب سے پاکستان میں شہری علاقوں پر بمباری کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ خانوزئی پر امن علاقہ ہے جہاں کے عوام پڑھے لکھے اور باشعور ہیں وہاں ایک اسسٹنٹ کمشنر کے جانبدارانہ رویے اور علاقائی معاملات میں بے جا مداخلت نے مسائل کو جنم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں ایک فورس لائی گئی ہے جو مبینہ طور پر عام لوگوں کو تنگ کرنے میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت علاقے کے عوام کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا نوٹس لے اور مذکورہ اے سی کو فوری طور پر ٹرانسفر اور فورس کو واپس بلائے اور علاقے میں ہونے والی تمام غیر قانونی الاٹمنٹس کو منسوخ کیا جائے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ الاٹمنٹس کے حوالے سے متعلقہ حکام کو آگاہ کیا گیا مگر کوئی اقدام نہیں اٹھایا گیا ہے جس کی وجہ سے عوام احتجاج پر مجبور ہو رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated 09 MAY 2025 Page No. 18


## بھارتی رویہ خطے کا امن سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے، میر علی مردان ڈومکی

**دشمن کی بزدلانہ کارروائی کا پاک فوج نے بروقت اور موثر جواب دیکر قوم کا سر فخر سے بلند کیا**

کوئٹہ (پ ر) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے بھارت کی جانب سے کوٹلی، مظفر آباد اور بہاولپور پر کیے گئے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دشمن کی اس بزدلانہ کارروائی کا پاک افواج نے بروقت اور موثر جواب دے کر قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارتی قیادت کو یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ پاکستانی قوم اپنی افواج کے ساتھ ایک چٹان کی طرح کھڑی ہے اور ہر جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ بھارت کا رویہ خطے میں امن کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا پاک فوج نے جس مہارت اور جرأت کے ساتھ جواب دیا وہ ہماری عسکری برتری کا مظہر ہے انہوں نے شہید ہونے والے معصوم شہریوں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی انہوں نے عالمی برادری سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کی اس غیر ذمہ دارانہ اور اشتعال انگیز روش کا نوٹس لے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے کردار ادا کرے۔

## پنجگور میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک ہے، بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی

**چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری اور شہر میں منشیات کی کھلے عام خرید وفروخت ہو رہی ہے نور احمد بلوچ ودیگر کی پریس کانفرنس**

پنجگور (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کی مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل نور احمد بلوچ میئر میونسپل کارپوریشن میر شکیل احمد قمبرانی حاجی افتخار احمد بلوچ حاجی محمد یاسین زہری میر حاصل خان بلوچ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجگور میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک ہے چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری ہو رہی ہے جو گاڑی مالکان بھتہ نہ دیں ان کو زدوکوب کیا جاتا ہے شہر میں منشیات کی کھلے عام خرید وفروخت ہو رہی ہے چوری ڈکیتی کی وارداتیں عام ہو گئی ہیں بازار میں ایک بنک سے کروڑوں روپے اسلحہ کے زور پر لوٹ لئے گئے مگر ڈپٹی کمشنر کو امن وامان سے کوئی سروکار نہیں بلوچستان نیشنل پارٹی کے ہمدرد ملازمین کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے اگر یہ سلسلہ جاری رہا تو بی این پی عوامی سختی سے سخت احتجاج کرے گی انہوں نے حکام بالا سے اپیل کی کہ ڈپٹی کمشنر کا تبادلہ کیا جائے۔


MASHRIQ QUETTA


## ملکی دفاع کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں' مولانا رمضان مینگل

**وطن کیلئے جان قربان' پوری قوم افواج پاکستان کی پشت پر کھڑی ہے' امیر سنی علماء کونسل**

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے صدر مولانا محمد رمضان مینگل نے بھارت کی طرف سے کی جانے والی جارحیت کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی دفاع کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں اور کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ جاری.........


بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر


بیان میں کہا ہے کہ وطن کے دفاع کیلئے ہم سب ایک ہیں ہماری بہادر فوج جو بڑی مضبوطی اور جرات کے ساتھ وطن کی دفاع کے لئے دشمن کے سامنے کھڑی ہے۔ پوری قوم ان کی پشت پر ہے وطن کا دفاع کرنا ہم پر فرض بھی اور ہمارا ایمانی حق ہے۔

## شہری آبادیوں پر بھارتی حملے انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، محمد شفیق خروٹی

**قوم متحد افواج پاکستان ہوشیار اور تیار ہیں ہم ہر طرح کی قربانی دینے کو تیار ہیں، کوارڈینیٹر**

کوئٹہ (اے این این) قومی کمیشن برائے بین المذاہب ہم آہنگی وانسانی حقوق پاکستان کے مرکزی کوارڈینیٹر برائے صوبائی امور محمد شفیق خان خروٹی نے بھارت کی جانب سے پاکستان کے مختلف علاقوں بشمول بہاولپور، کوٹلی اور مظفر آباد پر کیے گئے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام خطے کے امن، سلامتی اور انسانی جانوں کے تحفظ کے منافی ہے' آزاد کشمیر پر گولہ باری اور بہاولپور میں دھماکوں کی اطلاعات نے ہر پاکستانی کو غمزدہ اور مشتعل کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ مظفر آباد میں گرڈ اسٹیشن پر میزائل حملہ نہ صرف انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5　　Dated: 09 MAY 2025　　Page No. 20

# سوئی سدرن گیس کمپنی لوڈشیڈنگ شیڈول پر نظر ثانی کرے، شہریوں کا مطالبہ

## رات 10 بجے سے صبح 5 بجے تک گیس کی طویل لوڈشیڈنگ انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے

### معاشی بدحالی کے شکار شہریوں کا موتبادل انرجی خریدنا اب ممکن نہیں رہا، عبدالمالک خلجی، دیگر کی مشرق سے گفتگو

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) صوبائی دارلحکومت کوئٹہ میں رہائشیوں کی طرح کاروباری شخصیات کو بھی گیس کی 24 گھنٹے فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، ایک جانب کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں بے روزگاری ہے لوگ دو وقت کی روٹی کیلئے ترس رہے ہیں تو دوسری جانب سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ نے گیس لوڈ شیڈنگ کی شیڈول بڑھاتے ہوئے رات کو 10 بجے گیس چلی جاتی ہے صبح 5 بجے تک گیس فراہم کی جاتی ہے نہ صرف ہم نے گیس سے روٹی پکانی ہے بلکہ روٹی پکانے کے دوران ہی گیس چلی جاتی ہے جس کی وجہ سے ہمیں لکڑیاں خریدنی پڑتی ہے، مشرق سروے ٹیم کو ایک شہری عبدالمالک خلجی جبکہ بائی تندور مالکان اور اس میں کام کرنے والے نور اللہ، رضا خان نزیر احمد، رحمت اللہ ودیگر نے بتایا ہے کہ ایک جانب گیس کا بل کمرشل آتی ہے جو یقیناً ہمارے کاروبار پر بوجھ ہے، ہمیں بجلی، گیس اور آٹا خریدنے میں پنجاب حکومت کی طرح سبسڈی دینی چاہئے اور سبسڈی ملنے سے ہم مزید روزگار کو آگے بڑھایا جاسکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے بار بار اخبارات، الیکٹرونک میڈیا اور دیگر میڈیا کے ذریعے اپنے مسائل کی نشاندہی متعلقہ محکمے اور حکومت بلوچستان کو کرائی تی لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہماری سنی بغیر ہمارے خلاف فیصلہ آجاتی ہے پھر بھی ہم نے قبول کیا ہے عوام کو سستی روٹی فراہم کر رہے ہیں لیکن حکومت وقت کو چاہئے کہ دیرے دیرے ہمارے چھوٹے چھوٹے مسائل ہیں انہیں بھی حل کیا جائے۔ انہوں نے آخر میں سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ کو توجہ دلانے کا مطالبہ کرتے ہوئے بتایا کہ فوری طور پر 24 گھنٹے گیس کی فراہمی کی جائیے۔ انہوں نے بتایا کہ اگر ہمیں گیس مناسب وقت اور مناسب پریشر کیساتھ نہیں ملتی تو مجبور ہو کر ہم احتجاج کا راستہ اختیار کرینگے۔



# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 09 MAY 2025 Page No. 21


## پاک فوج کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاک فوج کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے جو بھی پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھے گا اسے بھرپور جواب دیا جائے گا گزشتہ شب بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال اور بلا جواز حملہ کیا جس کی میں پرزور مذمت کرتا ہوں پاک فوج اور پاک فضائیہ نے بھارتی لڑاکا طیاروں کو کامیابی سے مار گرایا اور ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے زیراہتمام رائزنگ بلوچستان اینڈ یوتھ انویشنز کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھارت دہشت گردانہ عزائم رکھنے والا ملک ہے جو بلوچستان میں بھی دہشت گرد تنظیموں کو سپورٹ کرتا ہے بلوچستان کے عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری اور مواقعوں کی سرزمین ہے اور یہاں کے قدرتی وسائل ملکی اور غیرملکی سرمایہ کاروں اپنی جانب راغب کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ میں وقت کے ساتھ جدت آئی ہے اور آج کل کے جدید دور میں ڈیجیٹل پریس کا کردار مزید بڑھ گیا ہے انہوں نے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان سوشل میڈیا کے ذریعے صوبے کے مثبت عکس کو اجاگر کریں اور اپنی توانائیوں کو مثبت اور تعمیری انداز میں صوبے کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کے لیے استعمال کریں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بہت جلد ڈیجیٹل میڈیا پالیسی لا رہی ہے تاکہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا صوبے کی تعمیر و ترقی اور پیشہ ورانہ استعمال ہو سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے ڈیولپمنٹ کا بجٹ 200 ارب روپے ہیں جو کہ صوبے کے رقبے کے حساب سے یقیناً قلیل ہیں لیکن موجودہ صوبائی حکومت ڈیولپمنٹ کے لیا مختص تمام صوبائی بجٹ کا بطریق احسن استعمال کر رہی ہے اور رواں سال جون تک تمام تر ترقیاتی بجٹ استعمال میں لایا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ میں زیادہ سے زیادہ روزگار پیدا کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہونہار طلباء و طالبات، شہداء اور مزدور کے بچوں کے لیے بے نظیر اسکالرشپ کا آغاز کیا گیا ہے اور صوبائی حکومت نے نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے منصوبے بھی شروع کیے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated: 09 MAY 2025 Page No. 22

## عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح!!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز صوبائی حکومت اور انڈس ہسپتال کے تعاون سے صوبے میں طبی سہولیات کی فراہمی پر پیشرفت سے متعلق اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اپنے اس دوٹوک عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ان کی زیر قیادت موجودہ مخلوط صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور یہ کہ بہترین طبی سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے اجلاس جس میں صوبائی وزیر صحت، چیف سیکرٹری بلوچستان اور محکمہ صحت کے دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی اس میں انڈس ہسپتال کے حکام بھی بذریعہ ویڈیو لنک شریک تھے۔اجلاس کو انڈس ہسپتال کے حکام کی جانب سے بلوچستان میں طبی سہولیات کی فراہمی پر پیشرفت سے متعلق بریفنگ دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی رہائش اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے لئے حکومت مکمل تعاون کرے گی ،انہوں نے ہدایت کی کہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی ہائرنگ جلد مکمل کی جائے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی ترجیحات میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سرفہرست ہے حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے سب سے پہلے تو ہم وزیراعلیٰ بلوچستان کے عزم کو سراہتے ہیں اور امید کا اظہار کرتے ہیں کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں جدت بہتری اور اصلاح کا سلسلہ جاری رکھے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں قائم موجودہ مخلوط صوبائی حکومت نے صوبے کو درپیش دیرینہ مسائل کے حل کے لئے سنجیدہ کوششوں اور اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا ہے یہ حکومت گورننس کے شعبے میں اصلاحات لانے ،اچھی طرز حکمرانی کو یقینی بنانے اور بالخصوص صحت کے شعبے میں عوام دوست پالیسیاں متعارف کرانے میں مصروف عمل ہے۔حکومت کی ان کوششوں کو صوبے کے عوام اور مختلف حلقوں کی جانب سے سراہا جا رہا ہے بلوچستان، جو کہ جغرافیائی لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے،طویل عرصے سے مختلف چیلنجز سے دوچار رہا ہے۔ان میں امن وامان کی صورتحال، معاشی پسماندگی، اور سماجی شعبوں میں ترقی کی کمی نمایاں ہیں۔موجودہ حکومت نے ان تمام مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع حکمت عملی اپنائی ہے جس کا محور عوام کی فلاح و بہبود اور صوبے کی ترقی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اقتدار سنبھالتے ہی واضح کیا کہ ان کی حکومت کی اولین ترجیحات میں گورننس کے نظام کو بہتر بنانا اور صوبے میں اچھی طرز حکمرانی کو یقینی بنانا شامل ہے۔ اس سلسلے میں کئی اہم اقدامات اٹھائے گئے ہیں مثال کے طور پر حکومت نے مختلف سرکاری اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور ان کی استعداد کار میں اضافے کے ساتھ اقدامات شروع کئے حکومت نے صوبے میں قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانے کے پولیس کے نظام کو مضبوط کرنے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ جرائم کی روک تھام اور انصاف کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لئے نئی پالیسیاں اور حکمت عملیاں وضع کی گئی ہیں کرپشن ایک بڑا مسئلہ رہا ہے جس نے صوبے کی ترقی کو بری طرح متاثر کیا ہے۔موجودہ حکومت نے کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی ہے حکومتی معاملات میں شفافیت لانے اور احتساب کے نظام کو مضبوط تر بنانے کے حوالے سے بھی نمایاں پیشرفت ہوئی اور بات اگر صحت کے شعبے کی کریں تو موجودہ صوبائی حکومت کی توجہ کا ایک اہم مرکز صحت کا شعبہ ہے۔یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ ایک صحت مند معاشرہ ہی ترقی کی منازل طے کرسکتا ہے۔اسی لئے حکومت نے صحت کے شعبے میں عوام دوست اقدامات اور پالیسیوں کا ایک سلسلہ شروع کیا ہے، جن کے مثبت نتائج اب سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں حکومت نے صوبے کے دور دراز علاقوں تک معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کی اس سلسلے میں نئے طبی مراکز کا قیام، موجودہ مراکز کی اپ گریڈیشن، اور طبی عملے کی تعیناتی کو ترجیح دی جا رہی ہے۔دور افتادہ علاقوں میں موبائل ہیلتھ یونٹس کے ذریعے طبی خدمات کی فراہمی بھی شروع کی گئی ہے۔سرکاری ہسپتالوں اور طبی مراکز میں ادویات کی مسلسل اور مفت فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ایک موثر نظام وضع کیا گیا ہے۔ادویات کی خریداری کے عمل کو شفاف بنایا گیا ہے اور ذخیرہ اندوزی اور غیر قانونی فروخت کی روک تھام کے لئے سخت اقدامات کئے جا رہے ہیں انڈس ہسپتال اور دیگر ہسپتالوں کی طرز پر بلوچستان میں جدید طبی مراکز کا قیام اشد ضروری ہے جس کی جانب موجودہ حکومت متوجہ ہوئی ہے اور کام کر رہی ہے بلوچستان کی مخلوط حکومت اور عوامی فلاح کے لئے اب تک اٹھائے گئے اقدامات قابل ستائش ہیں امید ہے کہ یہ کاوشیں کوششیں اور اقدامات ثمر آور ثابت ہوں گے اور عوام کو بہتر طبی سہولیات ملیں گے ہمیں یہ بھی امید بلکہ یقین ہے کہ اگر موجودہ حکومت اپنی ان کوششوں کو اسی تسلسل کے ساتھ جاری رکھتی ہے تو ہر شعبے میں جدت و بہتری آئے گی اور بلوچستان جلد ہی ترقی اور خوشحالی کی نئی منازل طے کرے گا۔ تاہم، یہ بھی حقیقت ہے کہ صوبے کو درپیش مسائل کی نوعیت بہت پیچیدہ اور گہری ہے اور ان کے مکمل حل کے لئے طویل المدتی منصوبہ بندی اور مسلسل محنت لازمی ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈرز مل کر کام کریں اور صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated:

Page No. 2

## کراچی چمن شاہراہ دو سال میں مکمل کرنیکی ہدایت

کراچی چمن شاہراہ پر ایک رویہ ہونے کی وجہ سے آئے روز حادثات ہوتے رہتے ہیں جس میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں، اس طرح اس کو خونی شاہراہ کا نام دیا جاتا ہے یہ این 25 جو بلاشبہ بڑی اہمیت کی حامل شاہراہ ہے کو ہر دور حکومت میں دورویہ کرنے کے وعدے کئے جاتے رہے بلکہ اس کے ٹینڈر منظور اور کام شروع کرنے کی بھی باتیں ہوئیں لیکن یہ منصوبہ التواء کا شکار رہا جس کے باعث عوام اور ٹرانسپورٹرز کو بڑی مشکلات کا سامنا رہا۔

اب موجودہ حکومت نے ایک بار پھر این 25 شاہراہ کو دورویہ کرنے کا اعلان کیا ہے اس سلسلے میں وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے گزشتہ دنوں عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ عوام کو براہ راست فراہم کرنے کے بجائے اس مد میں بچنے والی اس رقم سے کراچی چمن شاہراہ کو دورویہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ صوبوں نے اس فیصلے میں تعاون کیا جو وفاق کے اتحاد کی نشانی ہے۔

گزشتہ روز وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اپنی زیرصدارت ہونیوالے کراچی چمن قومی شاہراہ (این 25) کی تعمیر اور اپ گریڈیشن پر جائزہ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 790 کلومیٹر کی مذکورہ شاہراہ کو بہترین معیار کی ایکسپریس وے میں بدلا جائیگا۔ اجلاس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے ہدایت کی کہ سڑک کی تعمیر کا معیار موٹر وے جیسا ہونا چاہئے۔ اس کی اپ گریڈیشن صوبہ بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی وخوشحالی کیلئے انتہائی ضروری ہے۔ کراچی تا چمن سفر آج کل 18 گھنٹوں میں طے ہوتا ہے لیکن ایکسپریس وے کی تعمیر کے مطابق یہ 6 سے 8 گھنٹے تک محدود ہو جائیگا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ یہ منصوبہ دو سال میں مکمل کیا جائے اور سڑک کی تعمیر کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ بلوچستان کی ترقی ہماری اولین ترجیح ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 6
Dated: 09 MAY 2025 Page No. 24

# Development of Balochistan

While successive governments have paid lip service to its development, the tangible impact on the ground remains woefully inadequate. The time for mere rhetoric is over; the people of Balochistan demand and deserve concrete measures that address the deep-rooted issues of unemployment, illiteracy, inadequate healthcare, and dilapidated infrastructure that continue to hinder their progress. The scattered population of Balochistan presents a unique set of challenges. Communities residing in far-flung areas often face insurmountable obstacles in accessing basic necessities like healthcare and education. The lack of proper infrastructure further exacerbates these issues, isolating these regions and perpetuating a cycle of underdevelopment. Unemployment remains a critical concern, particularly among the youth. The lack of viable economic opportunities fuels frustration and can contribute to social unrest. The government must move beyond short-term fixes and formulate a comprehensive strategy for job creation. This includes promoting local industries, investing in vocational training and skill development programs aligned with market demands, and fostering an environment conducive to entrepreneurship. The alarmingly low literacy rates in Balochistan are a major impediment to its socio-economic advancement. Education is the cornerstone of progress, and the government must prioritize the functionalization and upgrading of schools and colleges across the province. This requires not only ensuring adequate infrastructure and resources but also addressing the shortage of qualified teachers, improving curriculum relevance, and promoting access to quality education for all, especially girls. The state of healthcare infrastructure in Balochistan is equally concerning. Upgrading district hospitals with modern facilities, ensuring the availability of qualified medical professionals, and establishing efficient referral systems are paramount. For those living in remote areas, the government must invest in primary healthcare centers and mobile health units to provide essential medical services at their doorsteps. This includes the construction and maintenance of roads, ensuring reliable access to clean water and sanitation, and establishing a stable and efficient power supply. The development of infrastructure must be a long-term, well-planned endeavor, taking into account the unique geographical challenges of the province. The people of Balochistan are weary of empty promises. They seek tangible actions, measurable outcomes, and a genuine commitment from their government to address their long-neglected needs. It is time for the provincial administration to move beyond rhetoric and implement concrete policies and programs that will lead to real and sustainable development.

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 09 MAY 2025 Page No. 28


# کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

بلوچستان کا کوئی بھی صحافی اینکر اور وی لاگر جنگی صورتحال اور خاص طور پر پاکستان انڈیا کے درمیان جو کچھ ہو رہا ہے اس پر تبصرہ کچھ کہنے یا لکھنے کے لئے کوالیفائی نہیں کرتا ایک تو بلوچستان انڈیا کے بارڈر سے کافی دور ہے۔ صحافت اور سیاست کے مین اسٹریم میں شامل نہیں اس کے پاس اطلاعات بھی موجود نہیں۔ نہ اعلیٰ حکام اور افسران بالا تک ان کی رسائی ہے۔ سرکاری میڈیا جو کچھ کہہ اور دکھا رہا ہے اسی پر اکتفا ضروری ہے جبکہ سوشل میڈیا میں افواہیں، پروپیگنڈہ اور فیک نوز کی اکثریت ہوتی ہے اوپر سے پیکا قانون نافذ ہے۔ اگر کسی نے غلطی سے کسی ناپسندیدہ خبر پر تبصرہ کیا اور صورت حال پر کچھ کہنے کی جسارت کی سمجھو یہ وہ گیا۔ لہٰذا نازک صورتحال میں بہت زیادہ احتیاط برتنے کی ضرورت ہے کیونکہ جنگی صورتحال میں فریقین کے جذبات بہت حساس ہوتے ہیں اور وہ کوئی بھی ناپسندیدہ بات یا رائے برداشت کرنے کے قابل نہیں ہوتے۔ بلوچستان کے اکثر سوشل میڈیا انفلوئنسر خاموش ہیں صرف سید انور شاہ مسلسل تبصرہ کئے جا رہے ہیں شاہ جی ایک گھنٹہ پہلے جو کہتے ہیں ایک گھنٹہ بعد اسے الٹ دیتے ہیں۔ پھر بھی ان کا حق بنتا ہے کہ ان کی خدمات سے استفادہ کیا جائے۔ اس وقت تمام سیاسی جماعتیں چوٹی کے رہنما ایک پیج پر ہیں۔ پاکستان کے بیشتر اینکر بہت پرجوش طریقے سے قومی نقطہ نظر پیش کرتے ہیں نہ کوئی حامد میر رہا اور نہ اسد طور کیونکہ موقع بڑا نازک ہے اور یہ اچھے نمبر حاصل کرنے کا نادر موقع ہے۔ اسمبلی کے اندر محترم عطاء اللہ تارڑ اور بلاول بھٹو کے درمیان بلند آہنگ طرز تخاطب کا مقابلہ ہے۔ ویسے انڈیا نے میزائلوں کے 24 حملے کئے ہیں۔ عطاء اللہ تارڑ یعنی وزیر اطلاعات انڈیا کی اینٹ سے اینٹ بجا رہے ہیں۔ دوسری جانب وزارت عظمیٰ کے امیدوار بلاول بھٹو بھی روز گجرات کے قصائی مودی کا تیا پانچہ کرنے میں لگے ہیں۔ ان سب کی پشت پر حضرت مولانا کا وزن ہے اور ایسے لگتا ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نہیں بلکہ مولانا صاحب ہیں۔ قوم کو شکر ادا کرنا چاہیے کہ صدر زرداری بستر علالت سے اٹھ کر میدان میں آگئے ہیں اور میاں صاحب بھی جاتی امراء سے اسلام آباد پہنچ گئے ہیں۔ یقیناً وہ سوچ و بچار کر کے حکومت کی رہنمائی کریں گے کہ اس صورتحال سے کیسے نمٹا جائے۔ یہ جو تحریکی وی لاگر بیرون ملک بیٹھ کر شیطانی کر رہے ہیں ان کا بھی علاج کرنا ہوگا یہ

## افکار پریشان

## انور ساجدی

لوگ روز الٹے سیدھے سوالات لوگوں کے سامنے رکھتے ہیں۔ شہباز گل ہو آفتاب اقبال ہو عمران ریاض خان ہو یا دیگر یہ خانہ خراب عوام کے کانوں میں یہ بات ڈال رہے ہیں کہ انڈیا کے 24 میزائل کسی رکاوٹ کے بغیر اپنے اہداف تک کیسے پہنچ گیا ہمارا کوئی دفاعی نظام نہیں ہے۔ پاکستان کے عوام کو تو اپنے اداروں اور لیڈروں پر بھروسہ ہے اس لئے وہ ان کی باتوں کو حرف آخر سمجھتے ہیں اس لئے انہوں نے یہ سوچا نہیں کہ میزائل کہاں گرے ہیں یہ بھگوڑے وی لاگرز نے بتایا کہ بہاول پور میں شہرہ آفاق مجاہد مولانا مسعود اظہر کے مدرسہ اور مسجد کو نشانہ بنایا گیا قوم کو شکر ادا کرنا چاہیے کہ مولانا صاحب کو کوئی گزند نہیں پہنچی البتہ سوشل میڈیا پر یہ افواہ پھیلائی جاری تھی کہ ان کے خاندان کے 10 لوگ شہادت کے درجے پر فائز ہو گئے ہیں۔ کسی کو پتہ نہیں تھا کہ کم بخت مودی نے مظفر آباد میں نیلم جہلم پروجیکٹ کو نشانہ بنایا اگرچہ یہ پروجیکٹ بند تھا پھر بھی اسے نقصان پہنچا۔ ڈیمز اور اس طرح کے انفرااسٹرکچر کو نشانہ بنانا بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے لیکن بدمست مودی کو اس کی کوئی پرواہ نہیں۔ یہ بھی شکر کرنا چاہیے کہ لاہور کے قریب واقع مرید کے کے شہر میں جس مقام کو نشانہ بنایا گیا واں پر لوگ موجود نہیں تھے یہ جماعت الدعوۃ کے سابق امیر حافظ سعید کا ہیڈ کوارٹر ہے اور یہ بھی شکر کی بات ہے کہ حافظ سعید نظر بند ہیں جس کی وجہ سے وہ اپنے ہیڈ کوارٹر میں موجود نہیں تھے۔ جو میزائل کوٹلی اور مظفر آباد میں داغے گئے ہیں دشمن کا دعویٰ ہے کہ وہ مجاہدین کے ٹریننگ مراکز تھے لیکن آج تک اس کی تصدیق نہ ہو سکی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ایک ہی دن میں اپنے دو خطابات میں کہا کہ 6 اور سات تاریخ کی رات شاہینوں کے غلبہ کی رات تھی اور انہوں نے فضاؤں میں طوفان برپا کر رکھا تھا۔ اس طوفان کے نتیجے میں انڈیا کے فرانسیسی ساختہ تین رافیل طیارے تباہ کئے گئے تاہم ڈھیٹ تو ڈھیٹ ہوتا ہے انڈیا ان طیاروں کی تباہی سے انکاری ہے اوپر سے وزیر دفاع خواجہ آصف نے تیاری کے بغیر سی این این کو انٹرویو دیا۔ ان سے پوچھا گیا کہ طیاروں کی تباہی کے ثبوت کیا ہیں تو وزیر دفاع نے فرمایا کہ ثبوت سوشل میڈیا کی رپورٹس ہیں جو انڈین سوشل میڈیا نے دی ہیں۔ میرا خیال ہے کہ آئندہ خواجہ صاحب کو پابند کیا جائے کہ وہ عالمی نشریاتی اداروں کو انٹرویو دینے سے گریز کریں۔

یہ جو پاکستان کے بھگوڑے وی لاگر سوال پوچھ رہے ہیں کہ پاکستان کے پاس اسرائیل جیسا میزائلوں کو روکنے کا دفاعی نظام کیوں نہیں ہے۔ بھلا یہ بھی کوئی سوال ہے اسرائیل بہت امیر ملک ہے اور اسے پیٹریاٹ نظام امریکہ نے بنا کر دیا ہے جبکہ پاکستان صرف اپنے وسائل سے ہی کام لے رہا ہے اتنا مہنگا نظام کیسے قائم کرسکتا ہے؟۔ مودی کی برابر کوشش ہے کہ پاکستان کسی طرح اشتعال میں آئے تاکہ مکمل جنگ چھڑ جائے لیکن پاکستان کی فہمیدہ اور تجربہ کار قیادت بھی اشتعال میں نہیں آئے گی اور مودی کے خواب کو پورا ہونے نہیں دے گی۔ یہ جو سندھ اور پنجاب کے اندر 25 ڈرون حملے ہیں ان کا مقصد بھی اشتعال پیدا کرنا ہے۔ لیکن اشتعال میں آنے کی ضرورت نہیں ہے اگر بھگوڑے وی لاگر یہ پوچھیں کہ ڈرون سیکڑوں کلومیٹر دور کیسے آ گئے تو بھائی ڈرون چھوٹا سا ہوتا ہے وہ کسی ریڈار وغیرہ پر تھوڑا ہی نظر آتا ہے۔ ان ڈرون حملوں سے کوئی خاص نقصان تو نہیں ہوا ہے لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انڈیا نے اپنے جاسوسی نظام کو بہتر کر لیا ہے اور وہ خدانخواستہ آئندہ کچھ عرصے میں میزائلوں کے حملے کرنے کی حماقت کر سکتا ہے۔ اسی اثناء میں اطمینان کی بات یہ ہے کہ امریکہ ایران اور ترکی درمیان میں آ کر ثالثی کی کوشش کر رہے ہیں امریکہ غیر قابل اعتبار نہیں ہے کیونکہ شک کیا جا رہا ہے کہ میزائل حملوں سے قبل انڈیا نے امریکہ کو اعتماد میں لیا تھا تاہم اس افواہ کی تصدیق نہیں ہو سکی خیر کی بات یہی ہے کہ ثالثی ہو جائے جنگ کی نوبت نہ آئے اور پرامن طریقے سے تنازعہ حل ہو جائے۔ کئی مبصرین کا خیال ہے کہ بہار میں الیکشن جیتنے کے بعد مودی کا غصہ ٹھنڈا پڑ جائے گا۔ ثالثی اس لئے ضروری ہے کہ مودی ان پڑھ کند ذہن اور خرد ماغ آدمی ہے کہیں وہ پاکستان کی حساس تنصیبات تک نہ پہنچ جائے۔ اس ضمن میں اسے اسرائیل کی بھرپور حمایت حاصل ہے۔ یہ جو ہیروپ ڈرون ہیں یہ اسرائیل نے مودی کو دیئے ہیں۔ ایسے ڈرون دنیا میں کسی کے پاس نہیں ہیں غزہ کو تاراج کرنے میں ہیروپ کا بڑا کردار ہے۔ خود امریکہ بھی اس طرح کے ڈرون اسرائیل سے خریدتا ہے۔ مودی نے اسرائیل پر انحصار کافی بڑھا دیا ہے۔ اسلحہ کی تربیت کیلئے اسرائیل کے سینکڑوں ماہرین مقبوضہ کشمیر میں موجود ہیں۔

یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ اسرائیل کہیں انڈیا کو جنگی طیاروں اور میزائل گرانے کا دفاعی نظام نہ بیچے۔ حکومتی اس دعوے کو ماننے میں کوئی مضائقہ نہیں کہ پاکستان اس وقت محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ پھر بھی بہت زیادہ احتیاط برتنے کی ضرورت ہے کیونکہ نیتن یاہو یہ اعلان کر چکا ہے کہ وہ ایران اور پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کے خلاف ہیں۔ موقع ملتے ہی وہ ان دو اسلامی ممالک کو تباہ کرنے میں دیر نہیں لگائیں گے۔ مودی اسرائیل اور امریکہ کا شیطانی تکون کچھ بھی کرسکتا ہے اسے روکنے کے لئے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے۔

☆☆☆



کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان ودیگر کیو ڈی اے، واسا، میونسپل اداروں کے مسائل پر بات کر رہے ہیں



بارکھان، صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران کی ہدایت پر پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے حوالے سے ریلی نکالی جا رہی ہے



صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے بلوچستان کی ہونہار بیٹی فرح یوسف ملاقات کر رہی ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 09 MAY 2025 Page No.



آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری سی پی او آفس کے مطالعاتی دورے پر آئے ہوئے
پی ٹی سی سریاب کوئٹہ کے زیر تربیت انسپکٹرز کو شیلڈ دے رہے ہیں




آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری سی پی او آفس کے مطالعاتی دورے کے موقع پر سریاب کوئٹہ کے زیر تربیت انسپکٹرز سے خطاب کر رہے ہیں